بارش سے موسم میں تبدیلی گرمی سے ملی لوگوں کو راحت

شاہجہاں پور (ایس این بی) بدھ کی صبح پورے ضلع میں موسم کے مزاج میں اچانک تبدیلی آ گئی۔ موسلا دھار بارش سے شدید گرمی کے باعث لوگوں نے راحت کی سانس لی ہے۔ لوگ شدید گرمی اور چلچلاتی دھوپ سے پریشان تھے۔ صبح سے بارش شروع ہونے سے پہلے ہلکی ہواؤں نے موسم کو خوشگوار بنا دیا۔ پھر کچھ دیر بعد بارش بھی آہستہ آہستہ بڑھ گئی اور موسم کافی خوشگوار ہو گیا۔ تقریباً آدھے گھنٹے تک جاری رہنے والی موسلا دھار بارش نے میونسپل کارپوریشن کے دعووں کی پول کھول دی۔ جس کے باعث شہر کے کئی علاقوں میں نالے بند ہو گئے، بارش کا پانی سڑکوں پر بہنے سے گلیوں میں گاد جمع ہو کر چپکن ہو گئی۔ موٹر سائیکل سوار سیت راہگیر گزرتی ہوگئے۔ بدھ کو ہونے والی پہلی بارش کے بعد درجہ حرارت میں بھی کمی آئی ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43 ڈگری سے گر کر 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ بدھ دوپہر کے وقت اچانک ہونے والی تیز بارش سے لوگوں نے گرمی سے راحت کی سانس لی اور قدرت کا شکر ادا کیا۔

اسکول کی زمین پر قبضہ کا معاملہ، رپورٹ درج

بریلی (ایس این بی) اسکول کی زمین پر قبضہ کرنے کے سلسلہ میں اسکول کی ہیڈ ماسٹر نے تھانہ میرگنج میں سابق ہیڈ ماسٹر کے خلاف رپورٹ درج کرائی ہے۔ پولیس اور تحصیل کی ٹیم اس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ تحصیل میرگنج علاقے کے موضع گوالا کے جونیئر ہائی اسکول کی ہیڈ ماسٹر اسکول کی چٹھیوں کے بعد جب اسکول پہنچیں تو انھوں نے دیکھا کہ انقبلیک کے دوران سابق بلاک پرکھ نے اسکول کی زمین پر نیا گیٹ لگوا کر تالا ڈال دیا ہے۔ انھوں نے اس معاملہ کی شکایت ایس ڈی ایم سے کی۔ اس کے بعد پولیس اور تحصیل کی ٹیم موقع پر پہنچی جس نے اسکول کی زمین سے قبضہ ہٹوایا۔ اس سلسلہ میں سابق بلاک پرکھ اتیراج سنگھ کی اہلیہ راج کماری چوہان کا کہنا ہے کہ اسکول کے پاس ہماری ذاتی سارھے چار بگھا زمین ہے جس میں سے چھ زمین ہم نے اسکول کو دے دی تھی مگر اسکول کی باؤنڈری زیادہ چگہ پر بنائی گئی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم نے ایس ڈی ایم کو اپنے سارے دستاویز دکھائے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہم اوف موقع پر ہوتے تو گیٹ نہیں بنتے دیتے۔ اس معاملہ میں سابق بلاک پرکھ سمیت دلوگوں کے خلاف رپورٹ بھی درج کرائی گئی ہے۔

آیوش سسٹم کے فروغ کیلئے ورکشاپ اہمیت کا حامل: ڈاکٹر ایس متھوکمار

یونانی میڈیکل کالج واسپتال ہمت گنج میں سہ روزہ ورکشاپ کا اختتام

پریاگ راج (ایس این بی) قدیم بی بی روڈ پر واقع گورنمنٹ یونانی میڈیکل کالج واسپتال ہمت گنج میں آیورویدہ، یونانی وسدھا کالجوں کے پوسٹ گریجویٹ کلیدس وڈی بی اسکالرز کے لئے سائنٹفک رائینگ: تحقیقی دیانتداری اور اشاعتی اخلاقیات کے موضوع پر سہ روزہ ورکشاپ کا بدھ کو تحسن وخوبی اختتام پذیر ہوگیا جن میں ملک بھر کے مندوبین پروفیسران نے علمی وتحقیقی لکچرس پیش کیے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر ایس متھوکمار نے کالج کے پرنسپل ڈاکٹر وسیم احمد کی مساعی کی بھرپور پذیرائی کی اور کہا کہ آیوش سسٹم کے ارتقاء وفروغ کے لئے اس طرح کے ورکشاپ مستقبل میں بھی منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے اس کامیاب ورکشاپ کے لئے کالج انتظامیہ کی پذیرائی کی۔

آخری دن 6 نشستوں میں الگ الگ موضوعات پر مفصل وبیش قیمتی تجربات وخیالات پیش کیے گئے۔ پہلے اور دوسرے سیشن میں آسام کے ریجنل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ یونانی میڈیسن کے ریسرچ افسر ڈاکٹر ناظم حسین نجو الہ جات تربیتی انداز اور انتظامی سسٹم نیز اشاعت کی اقسام کا جائزہ پر لکچر دیا جبکہ تیسرے چوتھے سیشن میں پروفیسر محمد علیم الدین قمری نے باترتیب زبان وبیان کی وقتوں پر قابو پانا اور آرٹیکل پریس کے تعلق سے بیداری موضوعات پر فکر انگیز خیالات کا اظہار کیا۔ اسی طرح پانچویں وچھٹے سیشن میں ڈاکٹر محمد تنویر عالم نے ریسرچ آرٹیکل کے وسٹنگن کو بہتر بنانے کے طریقے اور ریسرچ آرٹیکل ایڈیٹ سیکٹ کے طریقے موضوعات پر مفصل روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر محمد خالد نے سہ روزہ ورکشاپ کی رپورٹ پیش کی۔ اس دوران کالج کے پرنسپل ڈاکٹر وسیم احمد نے صدارتی خطاب میں نیشنل کونسل فار انڈین سسٹم آف میڈیسن NCISM نئی دہلی کے اشتراک سے یہاں منعقدہ ورکشاپ کے لئے این سی آئی ایس ایم کی تحسین کی اور کہا کہ ورکشاپ کا مقصد پی جی کالیدس کی مخفی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور اسے نکھارنا ہے اور ریسرچ امور کو فروغ دینا ہے۔ ڈاکٹر قمر الحسن لاری نے نظامت کے فرائض انجام دیئے اور پروفیسر مہیب حنظلہ نے کلمات تشکر پیش کیے۔ اس موقع پر ماسٹر ٹیزز کو توصیفی اسناد ونشان یادگار سے سرفراز کیا گیا۔

بھارتیہ کسان یونین کا مختلف مسائل کولیکر میمورینڈم

شاہجہاں پور (ایس این بی) مرزاپور میں بدھ کو بھارتیہ کسان یونین کے کارکنوں نے مختلف مسائل کے حوالے سے ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ کو شکایت پیش کی۔ میمورنڈم میں غیر معینہ مدت تک احتجاج کا اعلان دیا گیا ہے۔ بدھ کے روز بھارتیہ کسان یونین (تان پوشیکل) کے تحصیل صدر اودے ویر سنگھ نے کسانوں کے ساتھ تحصیل احاطے میں ایک میٹنگ کی اور ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ بمبئی کنٹھال کو چھ نکاتی مطالبات کے ساتھ ایک میمورنڈم پیش کیا۔ جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ شاہجہاں پور ضلع انتظامیہ دہائیوں سے ڈھائی کھاٹ میلے کا انتظام کر رہی تھی لیکن اب اس میلے کی ذمہ داری فرح آباد کو دی گئی ہے۔ میلے کے انتظامات دوبارہ شاہجہاں پور انتظامیہ کے حوالے کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ پیہروا میں تعمیر ہونے والے پشتوں کا معائنہ کر کے معیار کے مطابق کام کرانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ فلڈ پوسٹ کو جلد فعال کرنے اور کولا گھاٹ پل سے ہلکی گاڑیوں کی آمدورفت جلد شروع کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ڈھائی روڈ تا قیم پور روڈ پر سی روڈ کو معیار کے مطابق نہ بنائے جانے کی شکایت کی گئی ہے اور آوارہ گایوں کو نو شالا میں بھیجنے کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔ میمورنڈم کے دوران درجنوں کارکنان موجود تھے۔

بجلی گرنے سے 4 بچے جھلسے، دو کی موت

دو کی حالت تشویشناک، داخل اسپتال

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) آج بدھ کو چمک گرج کے ساتھ ہوئی موسلا دھار بارش کے دوران آسمانی بجلی گرنے سے چار بچے جھلس گئے۔ ان میں دو بچوں کی موت ہوگئی جبکہ دو بچوں کی حالت تشویشناک بنی ہوئی ہے۔ موصولہ تفصیلات کے مطابق کوتوالی محمدی کی چوکی ریہرا کے تحت موضع پڑری میں رہنے والے تیج پال، مہینہ روپ یم پال آپس میں حقیقی بھائی ہونے کے سبب ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ آج بدھ کی صبح تقریباً ساڑھے 7 بجے 7 کند (10) اے (7) پسران تیج پال، ونیت ولد مہیندر (6) و تیرتھ (12) ولد پریم پال اپنے گھر میں کھیل رہے تھے۔ اسی دوران چمک وگرج کے ساتھ موسلا دھار بارش ہونے لگی۔ اچانک گھر میں لگے آم کے درخت سے ایک آم ٹپک کر نیچے گرا۔ آم کو پہلے اٹھانے کی کوشش میں آم پر ٹوٹ پڑے۔ اسی دوران گرج کے ساتھ آسمانی بجلی چاروں بچوں پر گری۔ چاروں بچے شدید طور سے جھلس گرخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ ہوتے ہی کہرام مچ گیا۔ اہلیں سی اجی سی محمدی لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے آنند اہلکے کو مردہ قرار دے دیا۔ ونیت کو ضلع اسپتال ریفر کر دیا گیا ہے۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس موقع پر پہنچی اور دونوں بچوں کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ ادھر آج صبح موسلا دھار بارش کے دوران بجلی گرنے سے تھیم پور شہر کے تاریخی سکلا دیوی مندر کے بالائی حصے کو نقصان پہنچا ہے۔ بتایا جاتا ہے بارش کے دوران اتنی مہیب آواز گرجی۔ سکلا مندر کے وسط میں واقع تاریخی سکلا دیوی مندر پر آسمانی بجلی گری کے آس پاس رہنے والے لوگ قہر اٹھے۔ مندر کے گنبد کا کچھ حصہ ٹوٹ کر ادھر ادھر جا گرا۔ ٹوٹ کر چھے گرے ملبے کی زد میں آتے آتے کئی لوگ بچ گئے۔

شاہجہاں پور: جلال آباد میں بدھ کی دوپہر تقریباً 12 بجے کے قریب گاؤں گلڈیا میں چھت پر نہانے والے نوجوان نیلیش ولد کرن سنگھ پر آسمانی بجلی گر گئی۔ جس کی وجہ سے اس کی موقع پر موت ہوگئی۔ اہل خانہ نے اسے ڈائل 112 پولیس کی مدد سے کیونی ہیلتھ سینٹر گلڑیا اسپتال پہنچایا۔ جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ موت کی خبر سے گھر والوں کی رو رو کر حالت خراب ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی تحصیلدار رام بکم حیدر، نائب تحصیلدار روہت کٹیار، لیکھ پال کملیش راجپوت اسپتال پہنچے۔ جہاں انہوں نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا۔ اہل خانہ سے ملاقات کی اور انہیں تسلی دی۔ اس کے بعد بچے کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا اور اسی اطلاع پر کوتوال ہر پال سنگھ بالیاں پولیس فورس کے ساتھ پہنچے۔

مختصر خبریں

ضلع ویجلنس کمیٹی کی جائزہ میٹنگ

شاہجہاں پور (ایس این بی) کلکٹریٹ واقع آڈیٹوریم میں بدھ کو ضلع مجسٹریٹ امیش پرتاپ سنگھ کی صدارت میں ضلع ویجلنس کمیٹی کی ایک جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈی ایم نے ہدایت دی کہ ڈاھارسینڈنگ کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ راشن کی تقسیم کے دوران کوئی کو پورا راشن ملنا چاہیے، کسی بھی حالت میں کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے۔ میٹنگ کے دوران ضلع مجسٹریٹ نے ڈی ایس او کو ہدایت کی کہ تمام مستحقین میں وقت پر راشن تقسیم کیا جائے، کوئی بھی مستحق شخص راشن حاصل کرنے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ کوٹیدار افسریوں میں راشن کی تقسیم میں کوئی بے ضابطگی نہ کریں۔ انہوں نے آیوشمان کارڈ بنانے کی رفتار بڑھانے کی ہدایت بھی دی۔ انہوں نے کہا کہ پنچایت معاونین کو بھی آیوشمان کارڈ بنانے میں مصروف ہونا چاہیے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ انتظامیہ جیے کمار پانڈے، چیف میڈیکل آفیسر آر کے گوتم اور ضلع سپلائی آفیسر اوم ہری اپادھیائے کے ساتھ راشن ڈیلر، ٹھیکیدار اور دیگر متعلقہ لوگ موجود تھے۔

بجلی گرنے سے بچے کی موت

بہرائچ (ایس این بی) بہرائچ ضلع کے تھانہ جوگی علاقہ میں بدھ کی صبح موسم میں تبدیلی کے ساتھ گرج اور چمک کے ساتھ بارش کی شروعات ہوئی۔ اس دوران آسمانی بجلی گرنے سے کھیت میں کام کر رہے ایک بچے کی موت ہوگئی۔ اندو۔ نیپال سرحد سے منسلک موضع فقیر پوری میں بدھ کی صبح اچانک گرج اور چمک کے ساتھ بارش کی شروعات ہوئی جس میں کھیت میں اپنے کنبہ کے ساتھ کام کر رہے 12 سالہ رام نواس ولد اجیت کمار کے اوپر بجلی گرنے سے اس کی حالت سنگین ہوگئی۔ بچے آناً فاناً میں لوگ 40 کلومیٹر دور واقع ضلع اسپتال سمی پرواعلاج کے لیے نجی گاڑی سے نکلے جہاں علاج کے دوران بچے کی موت ہوگئی۔ جہاں سے اس کے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بہرائچ بھیج دیا گیا۔ گھر والوں نے بتایا کہ پھیح گھر والوں کے ساتھ کھیت گیا تھا جہاں لوگ دھان کی روپائی کر رہے تھے۔ بچے کی موت سے گھر والوں میں کہرام مچ گیا ہے۔

پسنجر ٹرین 7 جولائی تک ملتوی

تلسی پور، بلرامپور (ایس این بی) مشرقی ریلوے گورکھپور تلسی پور گونڈہ روٹ پر چلنے والی پسنجر ٹرین 05131-/05132 جو گورکھپور سے چل کر تلسی پور ہوتے ہوئے بہرائچ اور بہرائچ سے چل کر تلسی پور ہوتے ہوئے گورکھپور کو جاتی ہے آئندہ 7 جولائی تک ملتوی رہے گی۔ اسی کے ساتھ 15081-15082 نکہا چل کر تلسی پور ہوتے ہوئے گونتھ نگر و گونڈہ نگر سے چل کر تلسی پور ہوتے ہوئے نکہا کو جاتی ہے صرف دو دن 25 و 26 جون کو ملتوی رہے گی۔ ریلوے ذرائع سے ملی اطلاع کے مطابق گورکھپور تلسی ریلوے روٹ پر پرچ ریلوے اسٹیشن پر انٹرلاکنگ کام ہونے کے چلتے دونوں ٹرین ملتوی کی گئی ہیں۔ حالانکہ گورکھپور تلسی پور بہرائچ پسنجر ٹرین ملتوی کرنے کا کوئی ٹھوس وجہ واضح نہیں ہو پا رہا ہے کیونکہ ریلوے کام گورکھپور تلسی ریلوے روٹ پر چل رہا ہے تو اس کو بند رکھنے کا کیا مطلب ہے۔

اے ایم یو کے سبھی کورسز میں سیلف فنانس کورسز کی شروعات

104 سال کی تاریخ میں پہلی بار وائس چانسلر نعیمہ گلریز کی قیادت میں اٹھایا گیا قدم

علیگڑھ (سید عتیق الرحیم، ایس این بی) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں وائس چانسلر نعیمہ گلریز نے مسلم یونیورسٹی میں پہلی بار 126 انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسز میں سیلف فنانس کوٹے سے داخلہ لینے کا حکم جاری کیا ہے، جس فیصلہ سے ملک بھر سے مسلم یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کی خواہش رکھنے والوں کو بڑا فوائد ملے گا۔ خوطلب ہے کہ اب تک صرف وہی طلبہ وطالبات اس یونیورسٹی میں پڑھ سکتے تھے جو مقابلہ جاتی امتحانات میں کامیاب ہوتے تھے، لیکن اب زیادہ تر طلبہ وطالبات کو موقع ملے گا۔

آیئے بتاتے ہیں کہ کن کن کورسوں میں کتنی سٹیٹس سیلف فنانس کی ہوں گی ابی ایل بی اے، ایل ایل بی کی علی گڑھ کیمپس میں 24 سٹیٹس سیلف فنانس کوٹے سے ہوں گی۔ اسی طرح مالاپورم کیرالہ، مرشد آباد مغربی بنگال اور کشن گنج بہار سینٹر میں 12-12 سٹیٹس مقرر کی گئی ہیں۔ ایم ٹیک، بی اے، بی ایس سی، ایم ایس سی سمیت دیگر کورسز میں بھی سیلف فنانس کوٹے کی سٹیٹس ہوں گی۔

قابل ذکر ہے کہ علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کی 104 سال کی تاریخ میں پہلی بار کسی وائس چانسلر کی لیڈر شپ میں 126 انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ڈپلومہ کورسز میں سیلف فنانس کوٹے سے طلبہ داخلہ لے سکیں گے۔ یہ موقع ان طلبا کو ملے گا جو سال میں ہونے والے ریگلر کورسز کے داخلہ امتحان میں کسی وجہ سے کامیاب نہیں ہوئے ہیں اور اس کے تحت 2024-25 سیشن میں داخلہ شروع ہوں گے۔ واضح رہے کہ 3 فروری کو داخلہ کمیٹی کی میٹنگ ہوئی تھی، جس میں 216 کورسز میں سیلف فنانس کوٹے سے داخلہ لینے کے لیے تجویز دی گئی تھی، جس پر 24 فروری 2024 کو ایگزیکٹو کونسل کی میٹنگ میں وائس چانسلر نے سیٹوں پر مہر لگا دی تھی، بتاتے چلیں کہ سیلف فنانس کی فیس جلد ہی مقرر کی جائیں گی۔ امتحان کنٹرولر پروفیسر مہیب اللہ کے مطابق بی اے ایل ایل بی علی گڑھ میں 24 سٹیٹس سیلف فنانس کوٹے کی ہوں گی۔ اسی طرح مالاپورم کیرالہ اور مرشد آباد بہار میں 12-12 سٹیٹس مقرر کی گئی ہیں۔ ایم ٹیک، بی اے، بی ایس سی، ایم ایس سی سمیت دیگر کورسز میں سیلف فنانس کوٹے کی سٹیٹس ہوں گی۔ کی کورسز میں طلبا و طالبات کے لیے سٹیٹس مختص کی گئی ہیں۔ بتاتے چلیں کہ اے ایم یو کے اسکولوں میں کلاس 11 سے سیلف فنانس کوٹے سے کئی سالوں سے زیادہ وقت سے سیلف فنانس کورسز چلائے جا رہے ہیں جو کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں۔

> بی اے، ایل ایل بی کی علی گڑھ کیمپس میں 24 سٹیٹس سیلف فنانس کوٹے سے ہوں گی۔ مالاپورم کیرالہ، مرشد آباد مغربی بنگال اور کشن گنج بہار سینٹر میں 12-12 سٹیٹس مقرر کی گئی ہیں۔ ایم ٹیک، بی اے، بی ایس سی، ایم ایس سی سمیت دیگر کورسز میں بھی سیلف فنانس کوٹے کی سٹیٹس ہوں گی

باپ-بیٹے کو گولی مارنے کا معاملہ مطلوب تین خواتین گرفتار

گورکھپور، (ایس این بی) کوتوالی پولیس نے سے تھانہ پڈری بھٹہ پر واقع جنگل پرٹولہ میں پیر کو باپ-بیٹے گولا سانحہ میں مطلوب تین خواتین کو گرفتار کر کورٹ میں پیش کیا۔ کورٹ نے انہیں جیل بھیج دیا۔ جبکہ باپ-بیٹے کو گولی مارنے والے ابھی بھی پولیس کی پکڑ سے باہر ہیں۔ پیر کو کاس کے مناد ال یادو اور کملیش یادو کے درمیان کانٹی ونس سے راستہ کا تنازعہ چل رہا ہے۔ پیر کو منی لال اپنے لڑکے آدتیہ یادو کے ساتھ گھر کے پاس پلاسٹک لگا رہے تھے۔ اسی درمیان کملیش یادو ہاتھ میں منالال اور آدتیہ کو گولی مار کر فرار ہو گیا۔ منالال کی کندھے اور آدتیہ کے سینے میں گولی لگی ہے۔ منالال کی بیوی بتا دیوی کی تحریر پر پولیس نے کملیش یادو، اٹھلیش یادو، روبن یادو، پھولا، نیتو، سرتا اور سنگیتا دیوی کے خلاف سنگین دفعات میں مقدمہ درج کیا تھا۔ بدھ کو پولیس نے نیتو دیوی، سنگیتا دیوی اور سرتا کو گرفتار کر جیل بھیج دیا ہے۔

نجیب آباد: ڈی ایم نے محکمہ کے افسران کو جاری کی ہدایت

افسران مسائل کو سنجیدگی سے لیں، ترجیحی بنیاد پر حل کریں

نجیب آباد (آفتاب نعمانی/ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ انکت کمار اگروال نے محکمہ کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ صنعتکاروں کے مسائل کو سنجیدگی سے لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل معیار کے مطابق حل کیا جائے اور اس کام میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت جاری کی کہ وہ تاجروں، سرمایہ کاروں اور برآمد کنندگان کے مسائل کو بروقت اور معیاری طریقے سے حل کریں تاکہ ضلع میں صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ میٹنگ میں صنعتکاروں کی طرف سے صنعت کے ساتھ ساتھ عوامی مفادات جیسے سڑکوں، صحت، بجلی، صفائی، سیاحت، اراضی، ایم او یو وغیرہ سے متعلق بہت سے مسائل اٹھائے گئے، جس پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیں۔ ضلع مجسٹریٹ شری اگروال نے آج شام کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں ضلع صنعت کاروں کی ڈسٹرکٹ ایکسپورٹ کمیٹی، ایم او یو پر عمل آوری کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وہاں موجود افسران کو ضروری ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت ریاست میں صنعتی ترقی کو لے کر انتہائی حساس اور سنجیدہ ہے اور صنعت کے فروغ کے لیے ہر طرح کی اسکیمیں چلائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے موجود تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ صنعتکاروں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کو یقینی بنائیں، تاکہ حکومت اور انتظامیہ پر ان کے اعتماد میں مزید اضافہ ہو سکے۔ ڈپٹی کمشنر انڈسٹریز کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ضلع کو صنعتی علاقہ بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں اور تاجروں کو حکومت کی جانب سے نئی صنعتوں کے قیام کے لیے چلائی جانے والی اسکیموں اور پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں۔ ضلع میں صنعتیں لگانے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر چیف ڈیولپمنٹ آفیسر پورن بورا، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اینٹنٹریشن ونے کمار سنگھ، ڈپٹی کمشنر انڈسٹریز بشمل وکاس کمار اگروال، ڈاقدار عالم اور منیش تیاگی سے تاجر دوست اور دیگر صنعت کار موجود تھے۔

امروہہ پولیس نے 7 مفرور ملزمان کو گرفتار کیا

امروہہ (ایس این بی) سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کنور اوم پرکاش سنگھ کی ہدایت اور ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس راجیو سنگھ کی نگرانی میں پولیس کو مطلوب ملزم پرویز ولد نایاب الحصد ساکن محلہ بخاری، امروہہ کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ اسی سلسلے میں ملزم تیمم عرف تایم ولد نعیم الحصد ساکن موضع رتن گڑھ، شیولا لا ضلع بجنور کو امروہہ نگر پولیس نے یکسو ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا ہے۔ دوسری جانب ضلع کی منڈی دھنورا پولیس ٹیم نے کھلسا گاؤں کے رہنے والے جتیندر ولد ہریش کو آرمس ایکٹ کے تحت 315 بور کے ایک پستول اور 315 بور کے ایک زندہ کارتوس کے ساتھ گرفتار کر لیا۔

سرائے میر میں وسیع پیمانے پر مٹی کی غیر قانونی کانکنی جاری

سرائے میر اعظم گڑھ (ایس این بی) تحصیل نظام آباد کے تحت تھانہ سرائے میر میں بڑے پیمانے پر مٹی کی کھدائی اور فروخت کا کام جاری ہے۔ مٹی کی غیر قانونی کھدائی زوروں پر ہونے کے باوجود آخر کام خاموش کیوں ہے؟ کیا مجبوری ہے کس بات کا انتظار رہو رہا ہے؟ جبکہ اس کام میں مصروف جی سی بی اور ٹریکٹر ٹرالیوں کے پاس رجسٹریشن بھی نہیں ہے۔ ان گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے پاس ڈرائیونگ لائسنس بھی نہیں ہے۔ اس طرح یہ گروہ حکومت کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ محکمہ کے افسران کیوں آنکھیں بند کئے ہوئے ہیں اس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ غیر قانونی کھدائی کرنے والوں کو خفت کا روائی کرنے کے بجائے تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گاؤں بستی کی متاز راضی پر مٹی ڈال کر قبضہ کیا گیا، جس کی شکایت ضلع کے اعلیٰ حکام کو کی گئی اور تھانہ سرائمیر میں جی سی بی اور ٹریکٹر کو برھاری جرمانہ بھی لگایا گیا، لیکن پھر دیر بعد یہ غنڈہ گردی دوبارہ شروع ہوگئی۔ سیکڑوں ٹرالیاں اس کام میں لگی ہوئی ہیں۔ زیادہ مقدار مٹی اٹھانے کے چکر میں ٹریکٹر تیز رفتار چلاتے ہیں جس سے حادثات کا بھی اندیشہ ہے عوامی بحث کے مطابق اگر اس غیر قانونی کام میں ملوث لوگ خوفزدہ ہیں تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مقامی پولیس کو روزانہ بھاری رقم ادا کی جاتی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ اعظم گڑھ کی توجہ مطلوب ہے۔

بارش کی وجہ سے رات میں ہوئے فالٹ، 30 ہزار گھروں کی بجلی رہی منقطع

گورکھپور، (ایس این بی) گزشتہ منگل کی دیر رات پر ی۔ مانسون کی پہلی بارش نے شہر کے کئی حصوں میں بجلی سپلائی نظام درہم۔ برہم ہو گیا۔ تقریباً 30 ہزار گھروں کی سپلائی گھنٹوں منقطع رہی۔ رات میں کئی حصوں کی سپلائی بحال کرنے میں ملازمین تو کامیاب رہے لیکن کچھ حصوں میں بدھ کی صبح سپلائی بحال نہ کی جا سکی۔ واضح رہے کہ رات بروہاں ٹرانسفارمر اسٹیشن سے لال ڈیگ، نارمل، رانی باغ اور رستم پور ڈسٹری بیوشن اسٹیشن و بجلی ملتی ہے۔ آندھی۔ پانی کے درمیان تقریباً آٹھ کلومیٹر کی اس لائن میں اکثر فالٹ آنے سے سپلائی رک جاتی ہے۔ گزشتہ رات بھی کچھ ایسا ہی ہوا۔ بارش کے درمیان لائن میں فالٹ آجانے سے سپلائی منقطع رہی۔ کئی مقامات پر ڈسٹری بیوشن کی لائن میں بھی فالٹ آ گیا۔ نارمل، بخشی پور، ناؤن پال، رستم پور، پھیما، بھی الدین پور، رابنی گھر اور پادری بازار علاقہ کے کئی حصوں میں صفر کٹنے سے اور تار ٹوٹنے سے سپلائی ٹھپ ہو گئی۔ نارمل سب اسٹیشن سے جڑے زیادہ تر حصے متاثر رہے۔ جونیئر انجینئر سدھیر یادو، ٹیم کے ساتھ بارش میں فالٹ کو درست کرانے میں مشغول نظر آئے، لیکن رات کے ایک بجے گل ہوئی بجلی بدھ کی صبح تقریباً 9.00 بجے بحال کی جا سکی۔ درگا بازی علاقہ میں رات کے 12.30 بجے کے قریب سپلائی بحال ہو سکی۔ پادری بازار علاقہ کے کئی حصوں میں صبح تک اندھیرا چھایا رہا۔ مقامی لوگوں کا کہنا تھا کہ کوتی کے چلتے صبح میں پانی کی دقت ہوئی۔ بجلا تھ پور کے انکت نے بتایا کہ رات کے 12.00 بجے گل رہی بجلی صبح میں تین بجے بحال ہوئی۔ اس کے کچھ دیر بعد پھر بجلی ٹھپ ہو گئی۔ صبح کے 9.00 بجے بجلی سپلائی بحال ہو سکی۔ پچھیما کے کئی علاقوں میں رات بھر اندھیرا رہا، انجینئروں نے بتایا کہ کئی جگہ بجلی تار پر درخت کی ڈال گرنے سے سپلائی بحال کرنے میں کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ڈیلیں بنانے کے لئے اسٹیشن کی لائن بند کرنی پڑی۔ صورتحال یہ رہی کہ پچھلی بارش میں شہر کے تقریباً 30 ہزار گھروں کی سپلائی گھنٹوں ٹھپ رہی۔ ایگزیکیوٹو انجینئر شہر انجینئر ایل بھی سنگھ نے بتایا کہ گزشتہ رات بارش کے چلتے کچھ حصوں میں سپلائی متاثر ہوگئی تھی۔ بارش کے درمیان ہی ٹیم پٹرولنگ کر خرابی کو درست کر کے سپلائی بحالی میں مشغول رہی۔

کورٹ کی ہدایت پر دو کے خلاف مقدمہ

گورکھپور، (ایس این بی) بڑہل تھانہ علاقہ کے مہراجی کی سیتا دیوی کے ذریعہ کورٹ میں دئے تحریر پر کورٹ کی ہدایت پر پولیس نے گاؤں کے دو لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ کورٹ کو دئے تحریر میں سیتا دیوی نے بتایا کہ گزشتہ 19/جون کو گاؤں کے ہی دیویندر پرساد یادو اور پنکھو شرما نے انہیں بیت الخلاء میں بند کر مارا۔ پیٹا اور چھیڑ۔ چھیڑا کیا تھا اور سازی میں آگ لگا کر جان سے مارنے کی بھی کوشش کی۔

انہوں نے کورٹ کو بتایا کہ مذکورہ لوگوں کی نظر ہماری زمین پر ہے جسے قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ مذکورہ لوگ میرا استحصال بھی اس لئے کر رہے ہیں کہ ہم زمین چھوڑ کر چلے جائیں۔